PARIM-II
RAISING AWARENESS
on migration in Pakistan

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE



# افغان مہاجرین اور شہریوں کے لئے دوبارہ آبادکاری اور متبادل راستے

# اگر آپ بیرون ملک جانا چاہتے ہیں

## تو ہم آپ کو باخبر فیصلہ کرنے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں ۔

- انسانی ہمدردی کے تحت داخلے اور دوبارہ آبادکاری کے بارے میں معلومات کا وسیع مواد دستیاب ہے ۔ جن میں سے کچھ درج ذیل ہیں ۔
- ایسے افغان شہری ،جن کی وابستگی بین الاقوامی اداروں یا ان کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ ہو، کے لیے کچھ ممالک مواقع فراہم کرتے ہیں جہاں منتقل ہونے کے لیے اجازت نامے کی درخواست دی جاسکتی ہے۔

### ریاست ہائے متحدہ امریکا

ایسے افغان شہری جو امریکی حکومت، فوج، این جی اوز یا میڈیا کے ساتھ کام کر چکے ہیں یا وابستہ رہے ہیں ، ریاست ہائے متحدہ امریکا نے ان کے لیے مواقع کا اعلان کیا ہے ۔ تفصیلات کے لیے امریکی محکمہ خارجہ کی درج ذیل ویب سائٹس ملاحظہ کریں ۔

- خصوصی امیگرنٹ ویزا (SIV) ان افغانوں کے لیے جو امریکی حکومت کی طرف سے یا اس کی جانب سے ملازمت کر چکے ہیں ۔
- خصوصی امیگرنٹ ویزا (SIV) ان افغانوں کے لیے جو امریکی فوج کے لیے مترجم/تشریح کرنے والے کے طور پر کام کر چکے ہیں ۔
- امریکی پناہ گزین امدادی پروگرام (USRAP) ترجیحی 2 پروگرام ۔

### کینیڈا

کینیڈین پروگرام ان افغان شہریوں کے لیے دستیاب ہے جن کی "ملازمت کا تعلق حکومتِ کینیڈا کے ساتھ اہم اور/یا دیرپا تعلقات پر مبنی ہو"، بشمول ان مترجمین کے جو کینیڈین فوج کے لیے کام کر چکے ہیں اور مقامی عملہ جو کینیڈین سفارت خانے میں کام کرتا ہے یا کر چکا ہے۔ تفصیلات کے لیے براہ کرم درج ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کریں ۔

- کینیڈا کی مدد کرنے والے افغانوں کے لیے خصوصی پروگرام ۔

### برطانیہ

برطانیہ میں منتقلی کے پروگراموں کی معلومات کے لیے، براہ کرم UNHCR کے برطانیہ دفتر کی HELP ویب سائٹ تک رسائی حاصل کریں۔

- معلومات برائے افغان شہری (2022) – یو این ایچ سی آر، برطانیہ۔

### فرانس

فرانس کی حکومت نے ایک نظام وضع کیا ہے تاکہ ان افغان شہریوں کی نشاندہی کی جا سکے جو فرانس منتقل ہونے کے اہل ہو سکتے ہیں۔آپ مزید معلومات Gisti کی ویب سائٹ پر حاصل کر سکتے ہیں۔یہ ایک حکومتی ویب سائٹ نہیں ہے، لیکن اس میں متعلقہ حکومتی حکام سے رابطہ کرنے کی معلومات موجود ہیں۔ جب معلومات تلاش کریں تو ہمیشہ معتبر ذرائع کا انتخاب کرنے میں احتیاط برتیں۔

- فرانسیسی حکومت کی جانب سے سوشل میڈیا پر مبینہ جعلی ای میل پتوں کے حوالے سے احتیاطی الرٹ سامنے آئی ہیں۔خاص طور پر Gmail یا Hotmail کے پتوں سے محتاط رہیں، کیونکہ یہ سرکاری حکومتی ای میل ڈومینز کے طور پر تسلیم نہیں کیے جاتے۔

### ڈنمارک

ڈنمارک نے مترجمین اور دیگر افغان شہریوں کے لیے درج ذیل پروگرام قائم کیا ہے جو افغانستان میں ڈنمارک کی فوج یا ڈنمارک کی حکومت کے ساتھ مقامی طور پر ملازم یا ان کی مدد کرتے رہے ہیں ۔ آپ مزید معلومات نیچے دی گئی ویب سائٹ پر حاصل کر سکتے ہیں۔

https://afghanistan.um.dk/en

### جرمنی

وہ افراد جنہوں نے جرمن حکومت یا فوج کے ساتھ کام کیا ہے، انہیں ترجیح دی جاتی ہے، اور یہ ان لوگوں کے لیے بھی اہم ہے جو افغانستان میں یورپی یونین کی مالی امداد سے چلنے والی انسانی حقوق کی سرگرمیوں میں شامل رہے ہیں۔
https://www.auswaertiges-amt.de/en/visa-service/konsularisches/afg

جرمن حکومت کے افغانستان سے لوگوں کے لیے داخلہ پروگرام کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے جرمن فیڈرل ایڈمیشن پروگرام برائے افغانستان:

- افغانستان : https://www.bundesaufnahmeprogrammafghanistan.de/bundesaufnahme-en
- مشترکہ پریس ریلیز : https://www.auswaertiges-amt.de/en/newsroom/news/federal-admission-programme-afghanistan/2558756
- سوالات : https://www.bundesaufnahmeprogrammafghanistan.de/bundesaufnahme-en/bundesaufnahmeprogramm-faq

### بیلجیم

وہ افغان شہری یا رہائشی جنہوں نے بیلجیم کی فوج، سفارت خانے یا متعلقہ مشنوں کے ساتھ کام کیا ہے، چاہے وہ باضابطہ طور پر، ٹھیکیداروں کے ذریعے یا 'فکسر' کے طور پر کام کرتے رہے ہوں، انہیں انسانی ہمدردی کے ویزا کے لیے ترجیح دی جاسکتی ہے ۔
https://pakistan.diplomatie.belgium.be/en

## متبادل راستے

متبادل راستے پناہ گزینوں اور پناہ کے متلاشی افراد کے لیے محفوظ راستے ہیں جن کے ذریعے وہ تیسرے ملک میں داخل ہو سکتے ہیں اور وہاں قیام کر سکتے ہیں، جہاں ان کی بین الاقوامی تحفظ کی ضروریات پوری کی جاتی ہیں۔ متبادل راستے دوبارہ آبادکاری سے مختلف اور اضافی ہیں۔ تیسرے ممالک اپنے مخصوص مقابلے کے معیار قائم کرتے ہیں اور فیصلہ کرتے ہیں کہ کون ان کی سرزمین پر داخل ہو سکے گا۔ پناہ گزین اور پناہ کے متلاشی افراد براہ راست ان ممالک کے پروگراموں کے تحت متبادل راستوں کے مواقع کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، اور اس کے لیے UNHCR کی سفارش کی ضرورت نہیں ہوتی۔

- اندانی ملاپ
- روزگار کے مواقع
- تعلیم اور اسکالرشپ کے مواقع

**متبادل راستوں کی تفصیلات یہاں دستیاب ہیں:**

فیلڈ دفاتر کی تفصیلات اور ان کے رابطہ نمبرز بھی یہاں درج ہیں: https://help.unhcr.org/pakistan/contact

UNHCR فون نمبر : 1437 111 304 92+ | ای میل : pakisprt@unhcr.org

پیر تا جمعرات: 8:00 صبح سے 4:35 شام تک | جمعہ: 08:00 صبح سے 12:30 دوپہر تک

# آواز افغانستان

ایک انسانی ہمدردی کی ہیلپ لائن جو افغان شہریوں (آئی ڈی پیز، واپس وطن آنے والے) اور پناہ گزینوں کو، جو تنازعہ اور قدرتی آفات سے متاثر ہیں، معلومات اور مدد فراہم کرتی ہے۔ یہ ایک مفت، خفیہ ہاٹ لائن ہے جسے افغانستان میں موبائل فون تک رسائی رکھنے والا کوئی بھی شخص معلومات حاصل کرنے اور انسانی امداد کے ردعمل کے بارے میں اپنی رائے درج کرانے کے لیے بلا معاوضہ کال کر سکتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے براہ کرم وزٹ کریں: https://awaazaf.org/



کاونسلرز، پشتو، اردو، انگریزی اور دیگر زبانیں بول سکتے ہیں

خواتین اور مرد کاونسلرز رہنمائی کے لیے موجود ہیں

| | |
|---|---|
| صبح 07:00 بجے سے شام 7:00 بجے تک<br>پیر - جمعہ | ہیلپ لائن # 410 |

مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم مائیگرنٹ ریسورس سینٹر پاکستان اور مائیگرنٹ ریسورس سینٹر افغانستان سے رابطہ کریں۔

## مائیگرنٹ ریسورس سینٹر افغانستان

info@mrcafghanistan.af

ٹیلیگرام
+351 93 620 2066

واٹس ایپ:
+93 79 959 9898
+351 93 620 2066

## مائیگرنٹ ریسورس سینٹر پاکستان

info@mrc.org.pk

ہاٹ لائن
+92 304 1112123

واٹس ایپ:
اسلام آباد +92 306 0191919
لاہور +92 300 0116671
پشاور +92 328 5473023

This informational material has been developed by the Migrant Resource Centre Pakistan. The European Commission does not accept any responsibility for use that may be made of the information it contains.

Funded by the European Union

Implemented by

Co-funded and implemented by Austria, Bulgaria, Finland, Germany and Greece

ICMPD International Centre for Migration Policy Development

Federal Ministry Republic of Austria Interior

Ministry for Foreign Affairs of Finland

Federal Office for Migration and Refugees

HELLENIC REPUBLIC Ministry of Migration & Asylum